DAY—— 20 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | III | 08 | 1500 | **J-430** | (U)

HISTORY (38)

Time : 3 Hrs. **(11 Pages)** **Max. Marks : 80**

ہدایات :- (۱) تمام سوالات حل کرنا لازمی ہیں۔

(۲) بائیں جانب دیئے گئے نمبرات مارکس کو ظاہر کرتے ہیں۔

(۳) جوابی پرچہ میں اشکال کے لئے پین کا استعمال کریں۔

(۴) ہر سوال کا جواب نئے صفحے سے شروع کیجئے۔

سوال نمبرا :- (الف) دیئے گئے متبادلات میں سے صحیح متبادل منتخب کر کے مکمل جملے دوبارہ لکھئے۔ (6) **[10]**

(۱) برِّاعظم افریقہ کے گرد مکمل گول چکّر کاٹنے والا ملاح .....تھا۔

(الف) ہینری دی نیویگیٹر

(ب) مارکو پولو

(ج) بارتھولومیو ڈائیس

(د) کولمبس

(۲) 1955ء میں انڈونیشیاء کے مقام ..... پر پہلی افرو-ایشیائی ممالک کی کانفرنس منعقد ہوئی۔

(الف) بانڈونگ (ب) پیرس

(ج) کولمبو (د) مالدیپ

(۳) مہارشی وٹھل رام جی شندے نے .....ادارہ کا قیام کیا۔

(الف) رام کرشن مشن

(ب) ڈپریسڈ کلاسیس مشن

(ج) ستیہ شودھک سماج

(د) سائنٹفک سوسائٹی

(۴) ڈچوں نے .....میں اپنی پہلی نوآبادی کا قیام کیا۔

(الف) گوا (ب) سورت

(ج) مچھلی پٹّنم (د) کالی کٹ

(۵) پہلی عالمی جنگ کے بعد بین الاقوامی امن وسلامتی کے لئے ..... ادارہ کا قیام کیا گیا۔

(الف) یونیسکو

(ب) عالمی صحت/تنظیم (World Health Organisation)

(ج) سلامتی کونسل

(د) مجلس اقوام (لیگ آف نیشنز)

(۶) پیشوا باجی راؤ کے بھائی چماجی اپّا نے وسئی کے مقام پر .....کوشکست دی۔

(الف) انگریزوں

(ب) پرتگیز

(ج) فرانسیسیوں

(د) ڈچوں

(ب) ذیل میں دی گئی جوڑیوں میں سے گروہ/ گروپ ''ب'' میں سے غلط جوڑی تلاش کیجئے اور اسے درست کر کے لکھئے۔ (4)

(۱)

	'الف'		'ب'
(i)	کرسٹوفر کولمبس	—	امریکہ کی دریافت
(ii)	واسکو ڈی دگاما	—	چین کی دریافت
(iii)	مانگو/ پارک	—	افریقہ کی دریافت
(iv)	ایبل جاسوا ٹاسمن	—	نیوزی لینڈ کی دریافت

(۲)

	'الف'		'ب'
(i)	آرسی بشپو	—	چیف ایگزیکیٹیو آفیسر
(ii)	چانسلر	—	جج
(iii)	ویدوردی فزینڈ	—	ملکیت کا نگراں
(iv)	کاپیتاؤں	—	کیپٹن (کپتان)

(۳)

'الف'		'ب'
(i) سوریہ سین	—	بنگال
(ii) وینائیک دامودر ساورکر	—	گجرات
(iii) رام سنگھ کوکا	—	پنجاب
(iv) شیام جی کرشن ورما	—	لندن

(۴)

'الف'		'ب'
(i) آزاد برما فوج (Burma Independence Army)	—	آنگ سین
(ii) پین افریقن کانگریس	—	ڈبلیو.ای.بی.ڈیوبوئس
(iii) نوآبادیات کا حق خود اختیاری	—	ونسٹن چرچل
(iv) بھارت کی تحریکِ آزادی	—	مہاتما گاندھی

سوال نمبر۲ :- (الف) تاریخی شخصیات/ واقعات/ مقامات کے نام لکھئے۔ (4) **[8]**

(۱) بحری مہمات کی حوصلہ افزائی کرنے والی برطانیہ کی ملکہ

(۲) ڈاکٹر بابا آڈاو کے ذریعے جاری کردہ تحریک

(۳) امریکی بحری بیڑہ جس پر جاپان نے حملہ کیا۔

(۴) یورپ میں امریکہ کے خلاف سوویت روس کے ذریعے کیا جانے والا سمجھوتا (معاہدہ)۔

(ب) دی گئی وجوہات میں سے مناسب وجہ منتخب کرکے جملے مکمل کیجئے۔ (4)

(۱) چھترپتی شیواجی مہاراج نے نمک کی تجارت پر محافظ ٹیکس عائد کیا کیونکہ .....

(الف) پرتگیز کی مخالفت کرنے کے لئے

(ب) انگریزوں کی نمک تجارت کو پامال کرنے کے لئے

(ج) سوراجیہ کے لئے دولت جمع کرنے کے لئے

(د) سامراج وادیوں کی مخالفت کے لئے

(۲) گورنر جنرل لارڈ ڈلہوزی کے زمانے میں بھارت کی دیسی حکومتوں کی بے چینی میں اضافہ ہوا کیونکہ .....

(الف) انہوں نے رعایا پر ظالمانہ ٹیکس عائد کیا۔

(ب) انہوں نے بھارتی تجارت پر پابندی عائد کی تھی۔

(ج) انہوں نے دیسی حکمرانوں کے حق متبنیٰ (لے پالک) کو نامنظور کیا تھا۔

(د) انہوں نے بھارتی فوجیوں کی تنخواہ میں تخفیف کی۔

(۳) یورپ میں NATO ناٹو تنظیم کا قیام کیا گیا کیونکہ .....

(الف) سوویت روس کی توسیع پسندی کی مخالفت کے لئے اور یورپی ممالک کو فوجی تحفظ دینے کے لئے۔

(ب) ایشیاء میں اشتراکیت کی اشاعت کو روکنے کے لئے۔

(ج) بحر پیسفِک کی تجارت کو ٹیکس سے بَری کرنے کے لئے۔

(د) یورپی معاشی نظام کو مضبوط کرنے کے لئے۔

(۴) بھارتی حکومت نے سچین تیندولکر کو بھارت رتن جیسے اعلیٰ اعزاز سے نوازا کیونکہ .....

(الف) انہیں لوک سبھا میں ممبر کی حیثیت سے منتخب کیا تھا۔

(ب) سچین تیندولکر نے کرکٹ کو پیشہ واریت کی شکل دی۔

(ج) عوام نے حکومتِ ہند سے سچین کو بھارت رتن سے نوازنے کا مطالبہ کیا۔

(د) حکومت ہند نے سچین تیندولکر کی سوینچوریوں کی کارکردگی کو پیش نظر رکھا۔

سوال نمبر۳ :- (الف) دئے گئے نقشے کا مشاہدہ کرکے اس پر مبنی سوالات کے جواب لکھئے۔ (5)[13]



(۱) بھارت کی مشرقی سمت میں کون سا بحرِاعظم (سمندر) موجود ہے؟

(۲) 1857ء کی جنگ آزادی میں شامل مشرقی بھارت کے ایک اہم مقام کا نام لکھئے۔

(۳) سری لنکا بھارت کی کس سمت میں واقع ہے؟

(۴) 1857ء کی جنگِ آزادی میں موجودہ مہاراشٹر کے ایک مقام کا نام لکھئے۔

(۵) بحرِعرب میں موجود بھارتی جزیرے کا نام لکھئے۔

(ب) دئے گئے تصوّراتی خاکے مکمل کیجئے۔(کوئی چار) (8)

(۱)



(۲)



(۳)


مسلح انقلابی
تنظیمیں اور ان
کے سربراہ
.....
.....
.....
.....

(۴)


.....
بھارت میں ضم ہونے
والی ریاستیں ونوآبادیات
.....
.....
.....

(۵)


برکس تنظیم میں شامل اراکین ممالک
.....
.....
برازیل
.....
.....

(۶)



سوال نمبر۴ :- (الف) نوٹ لکھئے/تصوّرات، اصطلاحات کو واضح کیجئے ۔ (کوئی تین) (6) **[15]**

(۱) بوسٹن کی ٹی پارٹی (بوسٹن کی چائے پارٹی)۔

(۲) برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی۔

(۳) آریہ سماج۔

(۴) بھارت میں نوآبادیاتی (سامراجیاتی) نظام کا خاتمہ۔

(۵) اسپیڈ پوسٹ (Speed Post)

(ب) دئے گئے بیانات کی وجوہات لکھئے۔ (کوئی تین) (9)

(۱) نشاۃ الثانیہ سے قبل کے زمانے میں کیتھولک چرچ، لوگوں کی ذاتی زندگی کو کنٹرول کرنے والا ادارہ تھا۔

(۲) بڑودا کی دیسی ریاست کے سماجی اصلاحات میں مہاراجہ سیاجی راؤ گائیکواڑ کی کارکردگی اہم ترین ہے۔

(۳) عالمی جنگوں کے بھارت پر مضر اثرات مرتب ہوئے۔

(۴) دوسری عالمی جنگ کے بعد افریقہ کی تحریکِ آزادی میں شدّت پیدا ہوئی۔

(۵) سرد جنگ کی ابتدا ہوئی۔

سوال نمبر۵ :- اپنی رائے کا اظہار کیجئے۔ (کوئی تین) **[9]**

(۱) یورپی سامراجیاتی نظام کی وجہ سے بھارت کا معاشی استحصال ہوا۔

(۲) فرانسیسیوں نے مراٹھوں کی فوجی طاقت میں اضافہ کرنے میں مدد کی۔

(۳) مہاتما جوتی راؤ پھلے مہاراشٹر کے اوّلین سماجی مصلح تھے۔

(۴) سامراجیاتی نظام کے خاتمہ میں اقوام متحدہ کا رول اہم تھا۔

(۵) کوکن میں بھاؤ کاٹڈرے اہم ترین کارکردگی انجام دی۔

سوال نمبر۶ :- درج ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھئے۔ (کوئی دو) **[10]**

(۱) معاشی قوم پرستی کی نوعیت و اثرات مفصل لکھئے۔

(۲) اوماجی نائیک کی بغاوت کی معلومات لکھئے۔

(۳) صحتِ عامہ سے متعلق بھارتی حکومت کی حکمت عملی پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۷ :- دئے گئے نکات کی مدد سے مفصّل جواب لکھئے۔ (کوئی تین) **[15]**

(۱) براعظم ایشیاء میں انگریزوں کی سامراجیاتی پالیسی واضح کیجئے۔

نکات : (الف) نیپال (ب) سِکّم (ج) بھوٹان

(۲) انگریز مراٹھا تصادم وکشمکش کی معلومات لکھئے۔

نکات: (الف) انگریز مراٹھا پہلی جنگ

(ب) انگریز مراٹھا دوسری جنگ

(ج) انگریز مراٹھا تیسری جنگ

(۳) دوسری عالمی جنگ کے لئے ذمہ دار عناصر کی معلومات لکھئے۔

نکات: (الف) معاہدہ ورسائے

(ب) فاسشزم و نازی ازم

(ج) لیگ آف نیشنز/مجلسِ اقوام کی ناکامی

(۴) غیر جانبدارانہ تحریک کی وضاحت کیجئے۔

(الف) نوعیت

(ب) شرائط

(ج) بیلگریڈ کانفرنس

(۵) نوجوانوں سے متعلق بھارت کی حکمت عملی واضح کیجئے۔

(الف) نوجوانوں میں قوم پرستی (قومیت) کا استحکام۔

(ب) قومی یوم نوجواں۔

(ج) نوجوانوں کی تربیت کا منصوبہ۔

◆◆◆